مولانا محمد ابراہیم قاسمی پورنوی کا انتقال پر ملال

اتوار مورخہ 04/05/1442h، مطابق 20/12/2020

رپورٹ؛صلاح الدین قاسمی

طویل علالت کے بعد مدرسہ ناشر العلوم پانڈولی کے مہتم حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب قاسمی پورنوی، سہارنپور میں اپنے مالک حقیقی سے جاملے، اناّللہ وانا الیہ راجعون۔ ان کے انتقال کی خبر سے علاقہ کا ماحول مغموم وسوگوار ہو گیا۔

جامعہ ناشر العلوم پانڈولی علاقہ کی مشہور و معروف دینی درسگاہ ہے جو ناگل، ضلع سہارنپور، یوپی، میں واقع ہے۔ مرحوم مولانا محمد ابراہیم قاسمی رحمتہ اللہ علیہ کی عمر تقریباً 65/ سال تھی اور وہ حضرت مولانا سید انظر شاہ مسعودی کشمیریؒ، شیخ الحدیث دارالعلوم وقف دیوبند، کے شاگرد رشید تھے، مرحوم گزشتہ تقریباً چالیس سال سے جامعہ ناشر العلوم پانڈولی میں علمی و دینی خدمات انجام دے رہے تھے۔ مرحوم کے خلوص وللّٰہیت، سادگی اور حسن اخلاق کی وجہ سے علاقے میں مرحوم کو بڑی قدو منزلت کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا اور مرحوم کا علمی، اصلاحی اور تربیتی فیض پورے علاقہ میں پہنچ رہا تھا۔

مولانا مرحوم کا آبائی وطن بشن پور، ڈگروا، پورنیہ بہار ہے، 1971ء میں دارالعلوم دیوبند سے فراغت کے معاً بعد مدرسہ ناشر العلوم میں بحیثیت استاذ تقرر ہوا تھا، اس وقت مدرسہ اپنے ابتدائی مراحل میں تھا، پھر ایک سال کے بعد ہی آپ کو اہتمام کی ذمہ داری ملی، آپ نے اپنی بے لوث خدمت اور شب وروز کے مجاہدانہ جدوجہد سے مدرسہ کو علم وفن اور تعمیر وترقی کے بام عروج تک پہونچایا، آپ نے اپنی پوری زندگی دینی تعلیم کے فروغ اور قرآن وسنت کی اشاعت میں وقف کردی تھی۔ مرحوم کے انتقال کے وقت مرحوم کے دو صاحبزادے قاری نعمان صاحب، استاذ جامعہ ام القری، برسونی، پورنیہ اور مولانا حسان قاسمی موجود تھے۔ 19/12/2020 مطابق 3/ جمادی الاولی 1442ھ، بروز سنیچر، بعد نماز مغرب داغ مفارقت دے گئے۔

آج ان کے انتقال سے دیوبند، سہارنپور اور پانڈولی سمیت اطراف کا ماحول غمگین ہو گیا۔ پسماندگان میں بیوہ کے علاوہ تین لڑکیاں اور پانچ لڑکے قاری نعمان، مولانا سلمان، مولانا لقمان، قاری عدنان اور مولانا حسان ہیں۔

مرحوم کے انتقال پر شعبہ انٹرنیٹ {آن لائن فتوی ویب} دارالعلوم دیوبند کے مفتی ڈاکٹر محمد اللہ قاسمی، مولانا ڈاکٹر صلاح الدین قاسمی، مولانا عبدالہادی قاسمی، مولانا حسین احمد قاسمی، مولانا معاویہ قاسمی، شعبہ کمپیوٹر دارالعلوم دیوبند کے مولانا عبدالسلا قاسمی، حضرت مرحوم کے بھتیجے و داماد مولانا سرور عالم قاسمی پورنوی، ڈاکٹر یحی قاسمی، جناب خورشید عالم پورنوی، جناب اعجاز عالم کشن گنجی اور بزم اتحاد علمائے کٹیہار {واٹس ایپ گروپ} کے تمام ممبران بالخصوص مولانا ناظر انور قاسمی، استاد و صدر شعبہ انگریزی المعہد العالی الاسلامی حیدرآباد، مولانا ڈاکٹر ثوبان قاسمی، مولانا زکریا واحدی قاسمی، مفتی معین کوثر قاسمی، استاد جامعہ رحمانیہ مونگیر نے گہرے رنج والم کا اظہار کرتے ہوئے مغفرت کی دعا کی اور ان کے انتقال کو عظیم علمی وملی خسارہ قرار دیا۔

حضرت مولانا مفتی ابوالقاسمی نعمانی، مہتمم دارالعلوم دیوبند، نے نماز جنازہ پڑھائی، ہزاروں اشکبار آنکھوں نے مرحوم کو مدرسہ ناشر العلوم پانڈولی سے ملحق قبرستان میں سپرد خاک کیا۔ ہزاروں اشکبار آنکھوں نے مرحوم کو مدرسے سے ملحق قبرستان میں سپرد خاک کیا۔